# نسلی تعصب کے خلاف آبادی کے حوالے سے مخصوص اقدامات

نسلی تعصب کا پوری طرح مقابل کرنا اہم ہے مگر ہم ہر کسی کے لیے ایک سانچے والا رویہ نہیں رکھ سکتے۔ مخصوص کمیونٹیوں پر درپیش غیر متناسب عدم مساوات کو حل کرنا ضروری ہے۔

**/ سیاہ فام آبادی کے خلاف پائے جانے والے نسلی تعصب کے خلاف حکمت عملی**

تاکہ شراکت دار وزارت کے اقدامات کے رجحان کو موڑ کر اور قابل پیمائش اہداف، جن کی عوامی طور پر افشائی کی جائے گی، رکھ کے مخصوص شعبوں، مثلا بچوں کی بہبود، تعلیم اور انصاف، میں سیاہ فام آبادی کے خلاف تعصب کو روکا جا سکے۔

**/ مقامی لوگوں پر مرکوز تعصب کے خلاف حکمت عملی**

جو مقامی لوگوں کو درپیش آنے والے نسلی تعاصب کے خاتمے کے لیے مقامی شراکت داروں کے اشتراک کے ساتھ تیار کی جائے گی، جس سے حکومت کا مصالحت کا عزم ظاہر ہو گا۔

**/ نسلی تعصب کے خلاف اونٹیریو پبلک سروس(OPS) کی حکمت عملی**

تاکہ نظام میں موجود نسلی تعصب کے خلاف ملازمین میں آگاہی پیدا کی جا سکے اور اس طرح کے وسائل، طریقے اور اہداف وضح کیے جا سکیں جن کی مدد سے او پی ایس (OPS) میں موجود نسلی تعصب کا قلع قمع کیا جا سکے۔

## کمیونٹی کے ساتھ اشتراک

**/ منسٹرز اینٹی ریس ازم کنسلٹیشن گروپ**

تاکہ منصوبے کے نفاذ کے لیے نسلی تعصب کے خلاف اور اس شعبے کے متعلق خصوصی ماہرانہ مہارتوں کے حامل کمیونٹی شراکت داروں اور کاروباری نمائندگان، جو اس تجربے سے گزر چکے ہیں، کے ساتھ جاری بات چیت میں آسانیاں پیدا کی جا سکیں۔

**/ نسلی تعصب کے خلاف کانفرنس**

تاکہ علم کے تبادلے اور حکومت کے نسلی تعصب کے خلاف آلات، حکمت عملیوں اور فریم ورکس کے تجزیے کے لیے تحقیق کاروں، کمیونٹی شراکت داروں، ماہرین اور پالیسیاں بنانے والوں کو ایک جگہ اکٹھا کیا جا سکے



## عوامی تعلیم و آگاہی

**/ تیر بہ ہدف عوامی تعلیم و آگاہی کا فروغ**

تعصب کی کئی اقسام کے متعلق عوامی میں آگاہی کو مزید گہرا کرنا، بشمول سیاہ فاموں، مقامی لوگوں اور یہودیوں کے خلاف تعصب، اسلاموفوبیا اور نسلی تعصب کے شکار دیگر گروہوں، مثلا سکھوں، کے خلاف تعصب پر توجہ۔ اس کام کے حصہ کے طور پر، اسلاموفوبیا کی وجوحات اور اثر کو سمجھنے، طلباء کے لیے عوامی تعلیم کی تیاری اور اسلاموفوبیا کے مطلع کیے گئے واقعات کو جمع اور شائع کرنے کے متعلق مزید جاننے کے لیے کمیونٹی تنظیموں کو اس میں شامل کیا جائے گا۔



## دوام کی صلاحیت اور احتساب

**/ نسلی تعصب کے خلاف قانون سازی:**

تاکہ ایک مجوزہ قانون سازی کے ساتھ نسلی تعصب کے خلاف حکومت کے جاری عزم میں آسانیاں پیدا کی جا سکیں، جو، منظور ہو جانے کی صورت میں، حکومت کو تنظیموں پر نسلوں سے متعلق ڈیٹا اکٹھا کرنے کے معیارات اور ایک اینٹی ریس ازم امپیکٹ اسیسمنٹ فریم ورک کے استعمال کو لازمی قرار دینے کا اختیار دے گی۔ مجوزہ قانون سازی کئی سالوں پر مشتمل حکمت عملی منصوبوں کے ذریعے نسلی تعصب کے خلاف اقدامات، قابل پیمائش اہداف، عوامی سطح پر افشاء کرنے کے عمل اور کمیونٹی کے ساتھ مشاورت کے اختیارات بھی دے گی.

**/ پیش رفت کے بارے میں عوام کی آگاہی:**

تاکہ *A Better Way Forward* سے حاصل شدہ نتائج ظاہر کیے جائیں اور سیکھے گئے اسباق شیئر کیے جا سکیں۔



## پالیسی، تحقیق اور نتیجہ

**/ نسلوں کے بارے میں مختلف ذرائع سے ڈیٹا کے حصول کا ایک فریم ورک اور رہنماء ہدایات**

حکومت اور متعلقہ اداروں کی جانب سے نسلی بنیادوں کے بارے میں ڈیٹا اکٹھا کرنا، اس کا تجزیہ کرنا اور مختلف نسلوں کے بارے میں مختلف ذرائع سے عوامی سطح پر افشاء کرنے کے عمل کو مضبوط کرنا اور معیاری بنانا۔

**/ نسلی تعصب کے خلاف اثرات کے تجزیہ کا فریم ورک تیار کرنا**

تاکہ اس چیز کا جائزہ لے کر، کہ مقامی اور تعصب کے شکار مختلف گروہ حکومت اور اداروں کی جانب سے ضمنی پروگراموں اور پالیسیوں سے کیسے متاثر ہو سکتے ہیں، لاشعوری طور پر موجود تعصب کی فعال طور پر پیش بینی اور خاتمہ کیا جا سکے۔



# A BETTER WAY FORWARD

## اونٹاریو کے 3 سال پر مشتمل نسلی تعصب کے خلاف حکمت عملی

A BETTER WAY FORWARD: اونٹاریو کے 3 سال پر مشتمل نسلی تعصب کے خلاف حکمت عملی منصوبے کا ہدف حکومتی پالیسیوں، فیصلوں اور پروگراموں میں نسلی تعصب کا خاتمہ ہے، تاکہ ہر کوئی اپنی منفرد توانائیوں کو استعمال میں لا سکے اور معاشرے میں پوری طرح شمولیت کرنے کے قابل ہو۔.

نسلی تعصب – جس میں سیاہ فاموں کے خلاف تعصب، مقامی لوگوں کے خلاف تعصب، اسلاموفوبیا اور تعصب کا شکار دیگر کمیونٹوں کو درپیش آنے والا تعصب – ہمارے معاشرے کی روزمرہ کی زندگیوں اور ان اداروں میں اندر تک موجود ہے، جن پر ہم اہم عوامی خدمات کے لیے انحصار کرتے ہیں۔ یہ مراعات یافتہ اور پسماندہ لوگوں کے درمیان مزید فاصلے پیدا کرتا ہے۔ یہ ناقابل قبول ہے اور ہمیں نسلی مساوات کو بڑھانے کے لیے اپنے کام کرنے کے طریقوں کو تبدیل کرنے اور رکاوٹوں کو توڑنے کی ضرورت ہے۔.

A BETTER WAY FORWARD: اونٹاریو کے 3 سال پر مشتمل نسلی تعصب کے خلاف حکمت عملی منصوبے کی قیادت اونٹاریو کی اینٹی ریس ازم ڈائریکٹوریٹ کرے گی۔
مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ فرمائیں:
ontario.ca/antiracism



PHOTOGRAPHY HASNAIN DATTU

Ontario.ca/antiracism

Printed in Ontario, Canada on recycled paper.
© Queen's Printer for Ontario, 2017. ISBN 978-1-4606-9656-9

Ontario